حسن سلطان مولوی تحریرہ محمد اشرف علی

اردو مطبوعہ سنہ ۱۲۹۰ھ حصہ اول

نقش سلیمانی

مولفہ

مجمع فیوض سبحانی منبع علوم روحانی مولوی حاجی محمد اشرف علی

لکھنوی ادامہ اللہ القوی

سابقاً

حسب اجازت مولف اس مطبع مین طبع ہو چکا ہے

اب

بعد نظر ثانی حضرت مولف موصوف واخذ حق تالیف

وتکمیل ضابطہ ترصیف بہ صحت نیف ++

تیسرے مرتبہ

مطبع ثمر ہند لکھنو مین چھپا

سنہ ۱۸۷۳ء

انہ من سلیمان وانہ بسم اللہ الرحمن الرحیم
بتوفیق ربانی یہ نسخہ لاثانی حصول مطالب کی نشانی کارنامہ صلاح وفلاح وجہانی
نقش سلیمانی
مؤلفہ برگزیدہ بارگاہ یزدانی مولوی خواجہ محمد اشرف علی لکھنوی سلمہ اللہ القوی
مطبع ہند میں نقش رنگین نگین طبع ہوا شہر لکھنو

فہرست نقش

باب ۵

مشتمل اوپر اٹھارہ فصلون کی

باب ۶

مشتمل اوپر بارہ فصلون کے

اشرف سخن و بہترین کلام حمد و ثنای الٰہی ہے کہ جسکی قلم و قدرت مین از ماہ تا ماہی سب ہے سبحان اللہ کیسا خالق کہ جسنے آسمان کو ایسا رفیع و مرتفع بنایا در حلک فلک کو کوکب دری سے مرصع فرمایا جسنے نگاہ اوٹھا کر دیکھا بیساختہ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ زبان پر لایا اس وادی مدحت مین شبدیز قلم تیز خرام لنگ عقل دریافت معرفت حقیقت مین دنگ ہیچ ہے قطرے سے تعریف دریا محال زبان ذرہ توصیف خورشید مین لال نوحش اللہ ایسا سرور کائنات اشرف المخلوقات کہ جسکے ظہور پر نور سے عالم کا ایجاد ہوا اوسکی شان ہدایت نشان مین لولاک ارشاد ہوا صدقے مین اوسکے بنی آدم نے خلعت لَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ پایا طفیل مین اوسکے احکم الحاکمین سے خطاب مستطاب لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ انسان خاکی بنیان کے حق مین آیا صلی اللہ علیہ و علی آلہ و اصحابہ و سلم بعد حمد و نعت سے کے خاکپاے فقرا کفش بردار علماء مسکین بیجد فقیر ابو سلیمان ظہیر الدین احمد المدعو بہ **محمد اشرف علی** لکھنوی خلف اصغر حضرت مولوی محمد اکبر رزقہما اللہ شفاعۃ شفیع المحشر رقم طراز ہے طراز کا یہ پرداز ہے کہ ابتداے سن شعور سے عملیات کا شوق رہا تعویذ گنندہ کا ذوق رہا جن بزرگ کو اس فن مین اوستاد و کامل پایا کچھ نہ کچھ اونسے حاصل کیا اور بموجب ارشاد بزرگان طریقت اکثر اسما کی زکات دی ایسے شغلون مین صرف

اوقات کی جس عمل او نسخے کو آزمایا اور سریع النفع پایا ایک بیاض مین بطور یادگار ترقیم کیا اہل حاجت کو
تعلیم کیا خدا کے فضل سے اونکا حاصل مدعا ہوا اس ہیچمدان کو تجربہ دوبارا ہوا اسی طرح سے یہ ذخیرہ
فراہم ہوا بزرگون کا جلوہ گرگرم ہوا بندہ بہاگتا تہا نام سے تالیف کے گہبراتا تہا ذکر سی تصنیف کے
چنانچہ وہ سب چیزین پریشان پڑین تہین جمع نہین ہوتین تہین آندنون تین چار صاحبون نے
کچہ نقش کچہ شعبدے کچہ نسخے جمع کرکے چہپوائے اپنی اوستادیون کے نقشے جمائے جو کہ کل چیزون مین
ترکیب کو دخل تمام ہے بلا ترکیب عا اور دوا بے اثر او بیکام ہے مثلاً اگر کوئی شخص نماز
خلاف وقت مع شرایط ادا کرے نماز صحیح نہین ہوتی و یا نماز وقت پر پڑہے لیکن خلاف ترتیب
مقررہ پڑہے توبہی درست نہین ہوگی اسی طرح سے عملیات اور نسخجات بے ترکیب فائدہ نہین
دیتے ہین مؤلف ایسے عملیات اور نسخہ جات کے مفت الزام لیتے ہین جب اس فقیر نے یہ دیکہا
کہ مفت مین بندگان خدا بہٹکتے ہین اور بعد امتحان کتاب کو زمین پر پٹکتے ہین دلمین خیال آیا کہ
ایک سالہ لکہیے جسمین صحت تمام سے کے ساتہ عمل اور شرح وبسط کے ساتہ پڑہنے کی ترکیب اور تعویذات
لکہنے کے اوقات اور ساعات لکہے جاوین تاکہ شائقین فائدہ تام پاوین اوس سے نفع خاص عام ہو
چنانچہ مولف نے نہایت جستجو اور بغایت تگاپو سے چند مسائل ضروریہ اور امور لابدیہ کو لکہا کتب معتبرہ
اور اقوال صحیحہ سے اکٹہا کیا اور اوسکا **نقش سلیمانی** نام رکہا صحت و نظر ثانی مین اہتمام کیا جب
پسندیدہ خاص و عام ہوا معروف انام ہوا اکثر شائقین ہنر بین نے بشوق ذوق تمام اسکے چہپوانے پر
ایسا اصرار کیا کہ مولف نے چار ناچار اقرار کیا امید کہ عالمین با تمکین اور ناظرین ہنر بین اگر کسی جا
سہو اور خطا پائین بمقتضاے اَلْاِنْسَانُ مُرَکَّبٌ مِّنَ السَّہْوِ وَالنِّسْیَانِ اس ہیچمدان کو طعن
طنز سے معاف فرمائین اور اگر فائدہ اوٹہائین دعاے خیر زبان پر لائین سہ کرو ہم مین
امید این نامہ سیاہ + کین نقش ونگار یادگار است مرا + اور یہ رسالہ مختصر مشتمل ہے اوپر
چہار باب کے +

باب اول شامل اوپر تین فصلون کے

فصل اول قواعد عامہ مین اے عزیز از جان احباب کو جان کہ دعا اور دوا کہ ہر شے مین ایک کیفیت ہے

اور اس چیز کو مع ترکیب ادا کرنے مین وہ چیز تمام اور مراد کو پہونچتی ہے اور نہ ناتمام رہتی ہے فائدہ سمجھکر کیبی
کرتے مین آخر کو بے ترکیبی سے سراسر نقصان اوٹھاتے ہین خصوصاً عمل پڑہنے مین خود ہی تو دیر
سی پڑہتے ہین تعویذ لکھنے مین خانے بنانے بے اسلوبی سی ہندسی بہرتے ہین ناوانی سی مشقت بیقاعدہ
کرتے ہین جب فائدہ نہین اوٹھاتے بیکار عمل کو بدنام کرتے ہین پس لازم ہے کہ جب کسی شی کے کرنے کا
ارادہ ہو دل سی آمادہ ہو اول اوس علم کے کچھ قاعدے سیکھے پہر اوسکو شروع کرے لہذا فقیر نے چند قاعدے
جو کہ حاوی اس فن کے مقرر کیے ہین اور اپنے پیران طریقت سی سنے ہین مختصراً لکھتا ہے عامل جب ان
قاعدون کو لحاظ رکھیگا انشاء اللہ تعالے سوای فائدے کے کبہی نقصان نپائیگا **قاعدہ ۱** اس امر کو
قبولیت دعا اور اعمال مین بڑی تاثیر ہے اکل حلال اور صدق مقال اور وقت پڑہنے کے رجوع
قلب کرے اور وسواس شیطانی اور خیالات لایعنی کو دل سی سلب کرے اور ابتدا سی انتہا تک مطلب کو
دہیان رکہے ورنہ کچھ فائدہ نہوگا بقول حضرت مولوی معنوی **س** بر زبان تسبیح و در دل گاو خر
اینچنین تسبیح کے دارد اثر **قاعدہ ۲** جو عمل اور وظیفہ کہ ایام معدود تک اسلئے کسی مطلب کو پڑہے ترک حیوانات
وغیرہ ضرور کرے یعنی کہانا ان چیزونکا چہوڑ دے جیسے گوشت گاو اور مچہلی اور انڈا کسی جانور کا ہو اور بہتر یہ ہے
کہ ہینگ اور لہسن اور پیاز خام وغیرہ کو بہی نہ کہائے ان چیزونکے ترک سے امید قوی اجابت ہے اور
کہانے سی تاثیر اوراد مین نقصان و قباحت ہے **قاعدہ ۳** جواہر خمسہ وغیرہ مین لکہا ہے کہ عملیات
کے پڑہنے مین تقرر وقت بہت ضرور ہے مثلاً اگر کوئی شخص کسی عمل کو قسم جلالی و یا جمالی سے
پہلے روز جس وقت شروع کرے تا اختتام ختم اوس وقت کا التزام رکہے اختلاف زمان سی سراسر نقصان ہے
قاعدہ ۴ تعین مکان بہی اسمین بہت ضروری ہے اختلاف مکان بلا عذر ہرگز جائز نہین ایک ہی مصلے سے
پڑہا کرے جہان پہلے روز اتفاق ہو **قاعدہ ۵** شروع کرنا عمل کا عروج مین بہتر ہے زوال ماہ سے
قاعدہ ۶ جب عمل پڑہنے کو بیٹہے تو الحمد اور آیۃ الکرسی اور چار قل کو تین تین بار پڑہ کر اپنے ہاتہونکی انگلیوں
پر دم کرکے اپنے گرد حصار باندہ کر بیٹہے **قاعدہ ۷** جو اسم یاد کیا جائے ہے اگر حرف سر اسم و دعا کا اور حرف
سر نام پڑہنے والیکا آتشی ہو مراد جلد برآوے حروف آتشی اور آبی سی عداوت ہے اور حروف آتشی
اور بادی سزاوار آویہ حروف آبی اور خاکی کے عداوت ہے چاہیے کہ جو کوئی اسم کا عمل شروع کرے
حروف سر اسم درست کرکے پڑہے تا جلدی اثر ہووے یا دیا بادو برابر بادو آبی مانند آب خاک سزاوار اربعہ

عناصر خاک رنگ زرد حضرت جبرئیل باد رنگ سبز حضرت اسرافیل آب رنگ نیلہ حضرت میکائیل آتش
رنگ سپید و زرد حضرت عزرائیل **قاعدہ** جب کسی عمل کی زکات دے چکے تو چاہیے کہ ہر روز سات یا
بارہ مرتبہ یا اس سے زیادہ اوسکو بلاناغہ پڑہ لیا کرے **قاعدہ** اعمال مین اجازت صاحب عمل
ضرور ہے ورنہ اوسکے کرنے مین نقصان اور فتور ہے لہذا فقیر عفا اللہ عنہ نے اعمال مندرجہ
رسالہ ہذا کا اذن عام دیا **قاعدہ** عامل کو دریافت کرنا کیفیت برجون اور ستارون اور
اونکی ساعتون وغیرہ کی بہی درکار ہے اسواسطے کچہ اونکا مختصر مختصر حال لکہا جاتا ہے

فصل ۲ برجون کے بیان مین

تفسیر فتح العزیز اور مقصود العاشقین وغیرہما مین لکہا ہے
کہ حقیقت برج کی یہ ہے کہ بسبب گردش آفتاب کی آسمان مین دائرہ پیدا ہوتا ہے اور اسی کو
دائرۃ البروج کہتے ہین آفتاب اوس دائرہ کو مدت ایک سال مین طے کرتا ہے اور اوسکو اہل
بارہ حصون پر تقسیم کیا ہے اور ہر قسم کا برج نام رکہا ہے اور ہر برج کو موافق اوس صورت کے جو
بسبب اجتماع ستارون کے جیسی شکل پیدا ہوئی ہے اوس شکل پر اوس برج کا نام رکہا اور ہر جگہ
اہل ہند راس کہتے ہین بارہ برج یہ ہین **حمل** ہندی میکہ ماہ بیساکہ کو کہتے ہین بصورت
مینڈہے کے دو شاخ رکہتا ہے سر اوسکا بجانب مغرب اور دم مشرق کیطرف ہے پشت بشمال
اور پا بجنوب اور مونہہ پیچہے پہرا ہوا گویا کسی چیز کو دیکہتا ہے خانہ مریخ شرقی آتشی سرخ وبال زہرہ
شرف آفتاب ۱۹ درجہ پر ہبوط زحل مذکر منقلب موکل اوسکا سرہططائیل حرف ا ع ل ی **ثور**
ہندی برکہ ماہ جیٹہ کو کہتے ہین بصورت گاو سر اوسکا بجانب مشرق اور دم بطرف مغرب
خانہ زہرہ جنوبی خاکی سپید وبال مریخ شرف قمر ۳ درجہ پر مونث ثابت موکل حرزائیل حرف ب
جوزا ہندی متہن ماہ اساڑہ کو کہتے ہین بشکل دو لڑکے برہنہ باہم ملے ہوئے کے ہے کہ سر
بجانب شمال اور مشرق اور پیر اوسکے طرف جنوب اور مغرب کے خانہ عطارد غربی
بادی زرد وبال مشتری شرف راس ہبوط ذنب مذکر ذو جسدین موکل اوسکا اہواسرائیل
حرف ف ق ل **سرطان** ہندی کرک ماہ ساون کو کہتے ہین بصورت جانور
دریائی ہندی جسکو کیکڑا اور گنگٹا ہے خانہ قمر شمالی آبی سپید وبال زحل شرف
مشتری ہبوط مریخ مونث منقلب موکل قیفائیل حرف ه ح **اسد** ہندی سنگہ

ماہ بہادون کو کہتی ہین بشکل جانور صحرائی کہ فارسی مین اوسکو شیر کہتے ہین ہی خانہ شمس شرقی آتشی
سرخ وبال زحل مذکر ثابت موکل حرکائیل حرف ہ ت سنبلہ ہندی کنیان ماہ کنوار
یعنی آسن کو کہتے ہین بصورت دختر کے ہی دامن لٹکائے ہوئی اور سر اوسکا طرف مغرب وشمال اور
پیر اوسکی بجانب مشرق وجنوب بایان ہاتہ لٹکای ہوئے اور داہنا ہاتہ برابر کاندہی کے اوٹھائے
ہوی اور اوسی ہاتہ مین بالی کسی درخت کی لیے ہوئے خانہ عطارد جنوبی خاکی سبز زرد بعضی سیاہ
وبال مشتری شرف عطارد ہبوط زہرہ مونث ذوجسدین موکل اسمائیل حروف پ ت
میزان ہندی تلا ماہ کاتک کو کہتی ہین بصورت ترازو کے ہے خانہ زہرہ غربی بادی
سپید وبال مریخ شرف زحل ہبوط آفتاب مذکر منقلب موکل فہم ائیل حرف س
ت ط عقرب ہندی برچہک ماہ اگہن کو کہتے ہین بصورت بچہو کے ہے خانہ مریخ
شمالی آبی سرخ وبال زہرہ ہبوط قمر مونث ثابت موکل صدفنائیل حروف ن ظ ض د قوس
ہندی دہن ماہ پوس کو کہتے ہین بصورت ایک مرد کے تیر کمان ہاتہ مین لیے ہوئے خانہ
مشتری شرقی آتشی زرد وبال عطارد شرف ذنب ہبوط راس مذکر ذوجسدین موکل صلصنائیل
حرف ف جدی ہندی مکر ماہ ماگہ کو کہتے ہین بصورت بکری کے ہے خانہ زحل جنوبی خاکی
سیاہ وبال قمر شرف مریخ ہبوط مشتری مونث منقلب موکل سماکائیل حرف ح خ
دلو ہندی کنبہ ماہ پہاگن کو کہتے ہین شکل ایک مرد کی ہے کہ ڈول ہاتہ مین لیکر پڑا کر کی پانی
زمین پر گراتا ہے خانہ زحل غربی بادی زرد وبال آفتاب مذکر ثابت موکل سخازائیل حرف س ع
ش غ حوت ہندی مین ماہ چیت کو کہتے ہین بصورت دو مچھلیون ملین ہوئین کہ ہی خانہ مشتری
شمالی آبی سرخ وبال وہبوط عطارد شرف زہرہ مونث ذوجسدین موکل قفصائیل حرف ج د
بروج اور ماہ ہندی کو فقیر راقم الحروف نے نظم کیا ہے تاکہ دریافت کرنا ان دونون کا بہت آسان
ہو ۵ حمل بیشاکہ ہی ای نکتہ پرداز + مقرر ثور کو جیٹھ ہمراز + اساڑہ ہند مین جوزا کو کہینگے
سرطان کو ساون جان لینگے + اسد بہادون ہی آسن سنبلہ ہی + کہ میزان کاتک بے فاصلہ ہے
عقرب کو اگہن قوس کو پوس + جدی کو ماگہ کہہ بی روی افسوس + ملکیہ اشرف دلو کو پہاگن حوت
کو ہین چیت اکثر + کسی شاعر نے بروج کی طبع کو نظم کیا ہی ۵ حمل ہست آتشی و شیر و کمان ثور خاکی سنبلہ و جدی

طبع جوزا و دلو دلیہ ہوا + دان تو خرچنگ حوت و عقرب آبی + ابو نصر فراہی نے ستارونکی خانونکو نظم کیا ہے ست
حمل و عقرب است با بہرام + قوس و حوت است مشتری را رام + ثور و میزان جو خانہ زہرہ است + مرز جدی و دلو مقام + تیر جوزا و خوشہ سنبلہ سرطان + خانہ آفتاب شیر مدام + جان تو کہ اللہ تعالی نے ہر برج اور ستارے کو نیکی اور بدی اور سعادت اور نحوست مین اثر جداگانہ عنایت فرمایا ہے اور حکم اونکا
اس عالم مین جاری ہوتا ہے لہذا عالمون کے نزدیک بروج دوازدہ گانہ تین قسم کے ہین ثابت
و منقلب و ذوجسدین جب آفتاب برج ثابت مین آوے عمل محبت و کشائش رزق وغیرہ کا اور منقلب مین
ہلاکی دشمن وغیرہ کا اور ذوجسدین مین دونو کا بہتر ہے اور جب کا عمل منقلب مین ہرگز شروع نکرے
کہ وہ منعکس ہوگا یعنی اولٹی تاثیر ہوگی اور یہی حال بارہون مہینونکا ہے اور اسکی تعین زردشتی مہینونکی ہے فقیر مولف
عفا عنہ نے ایک دائرہ واسطے آسانی فہم ناظرین رسالہ ہذا کے بنایا ہے جسکے مطالعہ سے بارہون برجونکی کیفیت تمام کھلجاتی ہے

دائرۃ البروج یہ ہے

فصل ۴ طالع کے بیان مین جاننا چاہئے کہ اس فن مین استخراج کرنا طالع کا بہی واسطے حب وغیرہ کے ضرور ہے

اسکا مفصل احوال بڑی بڑی کتابون مین بخوبی لکہا ہے اس رسالہ مختصر مین طول کی گنجایش نہین لہذا

یہ ایک قاعدہ مختصر عام فہم لکہتا ہون جس شخص کا طالع دریافت کرنا منظور ہو پس اعداد اوسکے نام

کے اور اوسکی ماں کے نام کے لیکر ایک جا جمع کرے پہر اوس مجموع سے بارہ بارہ کو طرح دے جو کچہ

باقی رہے پہر برجون پر تقسیم کرے جو عدد کہ بعد اوسکے باقی رہے وہی طالع اوس شخص کا ہے مثلاً

اگر ایک عدد باقی رہے طالع برج حمل ہے اگر دو باقی رہین برج ثور ہے اور تین باقی رہین برج جوزا ہے

اور چار باقی رہین برج سرطان ہے اور پانچ باقی رہین برج اسد ہے اور چہہ باقی رہین برج سنبلہ ہے

اور سات باقی رہین برج میزان ہے اگر آٹہہ بچین برج عقرب ہے اور نو بچین قوس ہے اور دس

بچین جدی ہے اور گیارہ بچین دلو ہے اور بارہ بچین حوت ہے مثال اوسکی یہ ہے نام سائل

مراد عدد اوسکے دو سو پنتالیس ہین اور نام مادر سائل کا آلی عدد اوسکے چہیالیس ہین جملہ دو سو

اکیانوے ہوئے پس بعد طرح دینے کے تین عدد باقی رہے اب معلوم ہوا کہ طالع اوس شخص کا

برج جوزا ہے +

باب دوسرا اسمین چہہ فصلین ہین

فصل اول ستارونکے بیان مین عجائب المخلوقات اور مقصود العاشقین وغیرہما مین لکہا ہے کہ اللہ

تعالی نے بیشمار ستارے پیدا کئے ہین کہ شمار انکا بسوای خدا کے اور کوئی نہین جانتا ہے وہ سب

ثابت ہین یعنی اونکو بذات خود حرکت نہین ہے ایسی جڑی ہین کہ جیسے نگینہ انگوٹہی مین مگر نگینہ دار بار نہین

ہوتا ہے اور ستارے دار بار نہین اسی سبب سے اونکو ثوابت کہتے ہین مگر اونمین سے ستارون کو متحرک

کیا ہے یعنی سوای حرکت سماوی کے وہ خود بہی متحرک ہین اور اسی واسطے اونکو اہل عرب سبع سیارہ کہتے ہین

اونکی حرکات سے طرح طرح کی تاثیرات عالم مین ظاہر ہوتی ہین اور وہ اکثر خیر و شر مین موثر ہوتی ہین اور

ہر ایک ستارہ ایک وقت حکومت کرتا ہے اور سعد و نحوست مین حکم علحدہ رکہتا ہے اور ہر ایک ستارے

کا ایک آسمان مین مقام ہے اور وہ آسمان اوسی کے نام سے مشہور ہے اور ستارے یہ ہین — قمر

بفارسی ماہ ہندی چاند اور چندرمان اور سوم۔ بصورت مرد دراز قد و نوہاتہ کانون پر رکہے ہوے ایک ہاتہ

کے چہرہ رنگ سبز زرد یعنی آبی فلک عاشق وزر دوشنبہ موکل بیعائیل اقلیم ہفتم عطارد بفارسی تیر ہندی بدہ بصورت

بصورت مرد دراز ریش ہاتہ مین قلم زانو پر کاغذ لیے ہوئے گویا کوئی چیز لکہتا ہی رنگ فیروزی فلک دوم عامل روز
چہارشنبہ موکل اسماعیل اقلیم دوم زہرہ فارسی ناہید ہندی شکر بصورت عورت ہاتہ مین کوئی باجہ
لیے ہوئے رنگ سپید فلک سوم عامل روز جمعہ موکل اسمون اقلیم سوم شمس فارسی خورشید ہندی سورج
وا بشکل مرد میانہ قد ہالہ گرد چہرہ داہنے اور بائین صورت شیر دونو ہاتہ اوپر رکہے ہوئے رنگ طلائی فلک چہارم عامل
روز یکشنبہ موکل کلائیل اقلیم چہارم مریخ فارسی بہرام ہندی منگل بصورت مرد لشکری ایک ہاتہ مین تلوار دوسرے
ہاتہ مین سر کٹا لیے ہوئے رنگ سرخ فلک پنجم عامل روز سہ شنبہ موکل مجرادئیل اقلیم پنجم مشتری فارسی برجیس ہندی
برہسپت بشکل مرد پیر مسن کتاب ہاتہ مین لیے ہوئے رنگ زرد نزد بعضی صندلی فلک ششم عامل روز پنجشنبہ موکل
ہمائیل اقلیم ششم زحل فارسی کیوان ہندی سنیچر بصورت مرد دراز مونچہ ہاتہ دو ہاتہو نمین عصا
پیچہے گدی کو لگائے ہوئے اور دو ہاتہون مین ڈالی کسی میوہ کی لیے ہوئے اور دو ہاتہو نمین چوہے کی دم لیے ہوے
رنگ سیاہ فلک ہفتم عامل روز شنبہ موکل اسرائیل اقلیم ہفتم سبع سیارہ کے نام کسی شاعر نے نظم کیے ہین
اسماء عربی سے قمر است و عطارد و زہرہ + شمس و قمر و مریخ و مشتری و زحل + فارسی مین انکے نام یہ ہین
سے کواکب مہ و تیر و ناہید دان + چو خورشید و بہرام و برجیس و کیوان + اقالیم ساتون ستارون کی اس
نظم سے دریافت کرے سے ہند را حاکم زحل شد ملک چین را مشتری + ملک ترکستان را مریخ کردہ سروری
شمس آمد در خراسان زہرہ در ماوراء النہر + روم عطارد و ز قمر بلغار را شد برتری + مولف عفی عنہ نے

ایک دائرہ بنایا ہے نام اسکا دائرۃ النجوم رکہا ہے کہ
جسکی سیر سے کیفیت نجوم معلوم ہو جہل معدوم ہو
یہ ہے

دائرۃ النجوم

فصل ۲ دن اور رات کی ساعتون کے بیان مین - جاننا چاہیے کہ خالق جل شانہ نے اپنی ہر مخلوق
مین تاثیرین بخشین ہین اور اونکی تاثیرات ہمیشہ ظہور مین آتی ہین چنانچہ جب کوئی ستارہ کسی وقت کا
حاکم ہوتا ہے اپنی ایک تاثیر دکہاتا ہے اسواسطے عالمون نے ازروے اونکے خواص و تاثیرات
کے عمل پڑہنا اور تعویذ کا لکہنا اختیار کیا ہے اور زمانہ سابق سے تا ایندم اسپر عالمونکا اتفاق رہا ہے
لہذا ایک نقشہ دریافت کرنے ساعت کا کہ بطور دہوپ گہڑی کے ہے اور دوسرا کہ بطریق جدول
کے ہے درج کتاب ہذا ہے

نقشہ دریافت ساعت بطور دہوپ گہڑی

جب آفتاب نکلے ایک لکڑی بارہ انگل کی ہموار زمین پر روبرو آفتاب کی کہڑی کرے پہر اوسکی سایہ کو دیکہے
اس نقشہ سے ساعت معلوم کرے

حصہ اول صبح			حصہ دوم بعد میانہ روز		
۱	۲۴ انگل	ساعت ۱	۱	۶۔ انگل	ساعت ۷
۲	۲۰	۲	۲	۱۰	۸
۳	۱۶	۳	۳	۱۸	۹
۴	۱۲	۴	۴	۲۰	۱۰
۵	۸	۵	۵	۳۶	۱۱
۶	۴	۶	۶	۴۰	۱۲

اور یہ جدول ساعت نامہ کہ جسکے دیکہنے سے رات اور دنکی ساعتونکی کیفیت معلوم ہوتی ہے اسکو حضرت
ابو المعاشر بلخی رح نے تالیف کیا تہا اور بسبب کثرت نقلونکی اکثر جا تفاوت ہوگیا تہا پہر حکیم ابو الاشعری
نے درست کیا تہا کہ آجتک مروج ہے آب فقیر مولف عفی عنہ نے کتاب مقصود العاشقین اور
دیگر بیاضہای معتبرہ سے صحیح کیا ہے مخفی نرہے کہ ساعت ہر ستارہکی ایک گہنٹہ کی
ہوتی ہے اور قول صحیح یہ ہے اور ابتدا ساعت کی ساتہ بجے سے اس حساب سے شمار کرلو واللہ اعلم

جدول ساعت نامہ یہ ہے

شب روز	پاس اول			پاس دوم			پاس سوم			پاس چہارم		
	ساعت اول	ساعت دوم	ساعت سوم	ساعت چہارم	ساعت پنجم	ساعت ششم	ساعت ہفتم	ساعت ہشتم	ساعت نہم	ساعت دہم	ساعت یازدہم	ساعت دوازدہم
شب شنبہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
روز شنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
شب یکشنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
روز یکشنبہ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
شب دوشنبہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
روز دوشنبہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
شب سہ شنبہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
روز سہ شنبہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
شب چہارشنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
روز چہارشنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
شب پنجشنبہ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
روز پنجشنبہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
شب جمعہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
روز جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری

فصل [illegible] ستارے ذلی سعد و نحس اور اونکی ساعتوں مین تعویذات لکھنے کے بیان مین جان تو کہ مشتری
سعد اکبر ہے اسکی ساعتمین تعویذ محبت اور حاضر ہونے غائب اور دفع بیماری کا لکھا جاوے اور زہرہ
سعد اصغر ہے اسکی ساعت مین تعویذ الفت اور زبان بندی اور خواب بندی لکھنا چاہیے
اور عطارد مشترک ہے اسکی ساعتمین تعویذ محبت اور خواب بندی اور زبان بندی اور تیغ بندی
وغیرہ لکھا جاوے اور شمس سعد ہے اسکی ساعتمین بھی تعویذ محبت اور شفای امراض لکھو اور قمر کو
بھی سعد کہتے ہین اسکی ساعت مین بھی تعویذ محبت اور اخلاص و شفای امراض لکھتے ہین اور
زحل نحس اکبر ہے اسکی ساعتمین تعویذ ہلاکی اعدا لکھنا چاہیے اور مریخ نحس اصغر ہے اسکی ساعتمین تعویذ عم

بلائی دشمن سے کے بیے نکلین طالب کو چاہیے کہ وقت سعد کے کام کرے اور وقت نحس سے [illegible] کار جدید کرے
کہ انجام کو پہنچے گا نیک ساعتین جو کام ہوگا انشاء اللہ تعالی اوسکا اچھا انجام ہوگا + + + + + +

فصل ۱۳ بخورات کے بیان مین جواہر خمسہ درمقصود الطالبین مین لکھا ہے کہ عامل عمل پڑھنے اور تعویذ لکھنے مین بخورات کا بیان ضرور رکھے موافق ہر ستارے کے بخور جلاوے بخورات **مشتری** عود اور مشک اور کافور اور جودانہ اور صندل سرخ اور مشک بخورات **زہرہ** عود اور عنبر اور مشک اور صندل سفید اور کافور اور اسپند بخورات **عطارد** عود اور کافور اور صندل سرخ اور قرنفل بخورات **شمس** عود اور مشک اور دارچینی بخورات **قمر** عود اور کافور اور شہد وغیرہ بخورات **زحل** عود اور لوبان اور رال بخورات **مریخ** عود اور لوبان اور وقت لکھنے تعویذ اور جلانے پلیتہ کے بلیل گر جلاوے اور یہ بخورات بحکم ستارہ عاشق اور بحکم ستارہ معشوق کے کرے اگر ستارہ عاشق اور معشوق کا ایک ہی ہو تو ایک ہی بخور جلادے اور بخورات تعویذ بغضیات رائی اور رال ہے اور واسطے پلیتہ جن اور بھوت وغیرہ کے گوگل اور ہینگ اور سرسون اور بلیل گر دہے اور
اور بخور دہونی کو کہتے ہین +

فصل ۱۴ ستاروں کی فالنامہ مین +
فالنامہ لکھید یا جب کسی شخص کو [illegible] آنکھ بند کر کے کلمہ [illegible] حال اشعار مرقومہ نسبت عمدہ اور بسبب ہمنا نسبت مقام کے یہ کچھ کیفیت اپنی دریافت کرنی منظور ہو کی اونگلی کو ایک خانہ پر رکھے سے دریافت کرے یہ فالنامہ آزمودہ ہے

قمر | عطارد | زحل

۱	۲	۳	۴
اے حل ہر کر تیری گشت ذوالجلال	تو سن لے طالع اختر کا احوال	کوئی تیرا مخالف ہے سیہ دل	خبر اوسکی ہے ہو یا [illegible]
کمدیہ طبع بہی رہتا ہے گاہے	وہ کم ہاتہ آئی جس جگہ کو چاہے	سفر جی ہی گہبراتا ہے اکثر	کہین جانیکا دہیان آتا ہے اکثر
تو جہ کا دوست ہووے ہمیشہ [illegible]	کہ ہے دشمنی کی تجسس و بابت	کسی ذکر کا کچھ فکر ہے تجسس	کیا الیفانہ وعدہ یار نے مجھے
[illegible] چند روز احوال اسطور	پہر اسکی بعد نقشہ ہوگا کچھ اور	کہ یعنی ہاتہ کچھ آئیگی دولت	مرض ہے کچھ تو ہوگی اوس سے صحت
تا [illegible] کر کسین کہ چہرہ ان	تو وقت سے تیرا دل ہوگا شاد ان	کسی سے گر ہوئی کچھ لڑائی	بمہلت صاف ہو جاوے صفائی
اگر ہے خورشید محبوب فرزند	پہر اسکے تیرا دل ہوگا خرسند	[illegible] سے ہو لیسان ہو نشاط	یک ملک عرصہ سے ہاتہ آئیگا بے

اگر آزار ہے تو غم سے کہا تو	کہ صحت تو جس سے ہو کر دوا تو	اگرچہ چند روز ایام مین بخت	دلی ہو نگارخستان کو کب بخت
کہ تجھپر مقابل مہربان ہو	کہ جسکے گھر مین دولت ہی جہان ہو	بلا کر یاتر وہ بکرے کا تیرا	غلط یہ سمجھو کہنا تم نہ میرا
اگر ہے خواہش محبوب تجھکو	ملیگا وہ بہر اسلوب تجھکو	جو کچھ دل مین ہے تیری او رطلب	توقف سے وہ حاصل ہوینگے سب
دبا کر فاختائی پارچہ اور	بروز چہارشنبہ ہونگ فی الفور	قمر پیکر تری انگشت سے آ	تو تجھکو عیش اور عشرت دکھائے
سریع السیر ہے ازلیق بار	بزودی کام دل ہوشیار کار	نصیبون مین ہو یکبارگی عمارت	تعجب کیا کہ ہو جاوے وزارت
مخالف جلد ہوگا دفع تیرا	ملیگا وہ نہ غم جس غم سے گھبرا	کسی روش کا شاید ہوا تو	بناوے تجھکو وہ چاندی بہانہ
اری نزلہ اگر ہے تاب تجھکو	بجا ہو احتیاط آب تجھکو	کرے سودا اگر تو نفع ہوئے	مگر دریا مین کچھ اپنا ہے کھو
اگرچہ آج کل لکھو نہین کا	دلی کل ہوگی تجھکو آجہی کل	اگر ہے آرزو فرزند ہوگا	تو اوس فرزند سے خورسند ہوگا
ملیگا اسے لقا محبوب کوئی	کہی ہے تجھکو تو یہ خوب گوئی	یہ سن لی تو دوشنبہ کو منگا کر	برنج اور کوڑیان صدقہ دیا کر

فصل ۶ مہینے قمری اور تاریخون نحس اور قمر درعقرب کے بیان مین عاملین اس فن نے عملیات پڑھنے مین مثل مہینون شمسی کے قمری مہینونکی بہی رعایت رکھی ہے چنانچہ ہر مہینے کے تین تین عشرے مقرر کیے ہین پہلا عشرہ واسطے کشایش رزق وفتوح کے دوسرا عشرہ بنا بر محبت اور تسخیر کے تیسرا عشرہ بہت عداوت کے اور ان دنونکو بہی عامل لحاظ رکہے بنا بر وسعت رزق وتسخیر وشفای مریض کے دن پیر کا واسطے دوستی ومحبت وترقی دولت کے دن جمعرات وجمعہ کا اور بجہت ہلاکی اعدا کے ہفتے اور اتوار اور منگل کا اور واسطے زبان بندی وغیرہ کے دن اتوار اور بدہ کا اور ان تاریخونکا بہی خیال رکہے شرح سفر السعادت اور کتاب مستین لمدا میں [illegible] ہے کہ حضرت ابن عباس سے منقول ہے کہ ہر مہینے مین سات دن نحس ہوتے ہین چنانچہ اون ایام کو کسی نے ابیات فارسی مین نظم کیا ہے **ابیات** ہفت روزی نحس باشد ہر مہے \+ زان [illegible] سہ و پنج و سیزدہ یا شانزدہ \+ بست و یک یا بست و چار بست و پنج \+ حضرت [illegible] روایت ہے کہ عاقل اندنون مین کوئی کام جدید نکرے اگر کریگا کام انجام کو نہ پہونچیگا واللہ اعلم اور ہر کار جدید مین قمر درعقرب کا دہیان ضرور چاہیے کسی شاعر نے اس حساب کو نظم مین منظوم کیا ہے مولف نے بلفظہ مرقوم کیا ہے **ابیات** عقرب اندر ہر مہی دو نیم روز آرد گران \+ ہر کہ کاری کند بیند درو خطر و زیان \+ [illegible] ہشت اندر ساعت است \+ ششم یہ بہادون مسہ بہ آسن یک [illegible] امتحا

بست و ہشت آمد بیا کن بست و شش آمد بیوس	بست و سہ دریا گہ آمد بست و یک پیاکن بدان ۲۱
۱۸ ہژدہ اندر چیست لشمر شانزدہ بیناکہ گیر ۱۶	۱۳ سیزدہ در جبہہ گیر و این نمیدانی بدان

باب تیسری مین دو فصلین ہین

فصل اول معانی اور اعداد ابجد کے بیانمین اکثر رسایل معتبرہ مین لکھا ہی کہ عامل حساب جمل کو دریافت کرے کہ واسطے بنانے نقش کے بہت ضرور ہے اور بغیر دریافت اعداد حروف اکثر امور مین دقت واقع ہوتی ہے لہذا اعداد رقم ہوے اولاً معانی ابجد دریافت کرنا چاہیے منتخب اللغات اور غیاث اللغات مین لکھا ہی کہ مرامر نام ایک مرد کا تہا کہ خط لکہنا اوس سے ایجاد ہوا اور یہ آٹھ کلمے یعنے ابجد ہوز وغیرہ نام اوسکے آٹھون بیٹون کے ہین اور رسالہ ضوابط عظیم مین ان آٹھون کلمون کے معانی یہ لکھے ہین ابجد آغاز کیا ہوز ملا حطی واقف ہوا کلمن سخنگو ہوا سعفص اوس سے سیکہا قرشت تربیت کیا ثخذ نگاہ رکہا ضظغ تمام کیا اور نزدیک اہل لغت کے اور بہی معانی ان الفاظ کے ہین اس رسالہ مختصر مین تہوڑے سے لکہدئے یہ جدول ابجد علم جفر سے ہے اسکے سات کلمے ہین اور ہر کلمہ چار حرفی ہے اور ہر ایک کلمہ سبعہ سیارہ سے متعلق ہے اور اسمین سات حرف آتشی اور سات بادی اور سات آبی اور سات خاکی ہین ان حروف مین سے جو حرف جس شخص کے سر اسم پڑے اوس نام کا تعلق اوس ستارہ سے ہوگا اور موافق اسکے بخور جلاوے بہت جلد اثر ظاہر ہو گا +

سبعہ سیارہ	ابجد زحل	ہوزح مشتری	طیکل مریخ	منسع شمس	فصق ر زہرہ	تثخذ عطارد	ضظغ قمر
آتشی	ا ۱	ہ ۵	ط ۹	م ۴۰	ف ۸۰	ش ۳۰۰	ذ ۷۰۰
بادی	ب ۲	و ۶	ی ۱۰	ن ۵۰	ص ۹۰	ت ۴۰۰	ض ۸۰۰
آبی	ج ۳	ز ۷	ک ۲۰	س ۶۰	ق ۱۰۰	ث ۵۰۰	ظ ۹۰۰
خاکی	د ۴	ح ۸	ل ۳۰	ع ۷۰	ر ۲۰۰	خ ۶۰۰	غ ۱۰۰۰

فصل ۲ حروف تہجی کے بیانمین سالکان کامگار اور مرشدان نامدار نے یہ مین لکہا ہی کہ عامل

پر لازم ہے کہ پہلے حروف تہجی کی زکات دیوے بعدہ جس عمل کو چاہے پڑھے اوس عمل کی تاثیر جلد ہوگی
اور رجعت سے محفوظ رہیگا اور بہت لوگ نادانی سے عمل شروع کرتے ہین زکات حروف تہجی
کی دیتے ہین آخر رجعت مین گرفتار رہتے یا جان سے گذر جاتے ہین اور رجعت اسے کہتے ہین کہ عمل
پڑھنے مین بسبب کسی بے احتیاطی کے طبیعت منقلب ہوجاے بعضے کہتے ہین کہ یہ اٹھائیسون حروف
تہجی نام باریتعالی کے ہین کہ فرشتے ان نامونسے اللہ تعالی کی تسبیح کرتے ہین اور بزرگی انکی ظاہر ہے
کہ الفاظ قرآن مجید اور سب نام انہین سے ترکیب پاتے ہین طریقے انکے زکات کے بہت ہین لیکن سہل
طریقہ یہ ہے کہ ہر روز ایک ایک حرف کو چار ہزار چار سو چالیس مرتبہ ہر روز اٹھائیس دن تک بلاناغہ
پڑھے اور جب کوئی مشکل پیش آوے اٹھارہ سو مرتبہ ایک مجلس مین پڑھے انشاءاللہ تعالی وہ مشکل حل ہوگی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یا اسرافیل بحق یا ا یا جبرئیل بحق یا ب یا عزرائیل بحق یا ت یا میکائیل
بحق یا ث یا کلکائیل بحق یا ج یا تنکفیل بحق یا ح یا مہکائیل بحق یا خ
یا دردائیل بحق یا د یا اہراطیل بحق یا ذ یا اموکیل بحق یا ر یا اشرفائیل
بحق یا ز یا ہمواکیل بحق یا س یا ہمرائیل بحق یا ش یا اہجمیائیل
بحق یا ص یا عطکائیل بحق یا ض یا اسمائیل بحق یا ط
یا لوزائیل بحق یا ظ یا لوماعیل بحق یا ع یا لوخائیل
بحق یا غ یا سرحماکیل بحق یا ف یا عطرائیل بحق
یا ق یا حرزرائیل بحق یا ک یا طاطائیل بحق یا ل
یا رویائیل بحق یا م یا حولائیل بحق یا ن
یا اقتمائیل بحق یا و یا دوزیائیل بحق یا ہ
یا سرکیطائیل بحق یا ے

باب چوتھے مین ہین فصلین ہین

فصل اول بیچ تعویذات اور انکی فوائد مین ۔ تعویذ چار قسم کا ہوتا ہے آتشی بادی آبی

تعویذ آتشی اوسکو کہتے ہین کہ کاغذ نا استعمال آب نرسیدہ یا پوست ہرن یا لوح چینی یا جس چیز پر لکہین آگ مین
ڈالین یا قریب چولہے کے دفن کرین واسطے فتوحات اور خواب بندی وغیرہ کے ہوا اور بادی
تعویذ یہ ہے کہ تعویذ لکہہ کر درخت یا اور کسی جگہہ بلند پر لٹکاوین تاکہ ہوا سے ہلے محبت اور زبان بندی
کے لیے ہے اور تعویذ آبی وہ ہے کہ تعویذ لکہکر پانی مین مثل دریا یا حوض یا کنوئین وغیرہ کے
ڈالین خاص فیدوہ تسخیر وغیرہ کیواسطے کرنا چاہیے تعویذ خاکی وہ ہے کہ نیچے چوکہٹ یا راستے یا چوراہے
یا گورستان یا پہاڑ وغیرہ کے دفن کرین اسطے بلا کی دشمن وغیرہ کے اگر تعویذ آتشی لکہے ان شرطون کا
خیال رکہے کہ منہ طرف مشرق کے ہو ایک زانو پر بیٹہے اور قریب انگیٹہی یا تنور کے لکہے اور اگر تعویذ بادی کا
لکہے ان شرطونکا دہیان رکہے کہ جسکے واسطے یہ تعویذ لکہے اوسکے نام مین یہ گیارہ حرف نہون
ا ب ج د و ق ہ ک ن ض ط اور اونچے مکان پر بیٹہکر لکہے کہ گذر ہوا کا ہوا اور منہ طرف مغرب
کے ہو اور اگر تعویذ آبی لکہے تو کنارہ دریا یا حوض کے بیٹہکر لکہے اگر کچہہ بدن پانی مین ہو تو بہتر ہے
اور منہ جانب شمال کے ہو اور اگر تعویذ خاکی لکہے ان چار شرطونکو لحاظ رکہے مکان خالی ہو
اور منہ جانب جنوب ہو اور کچہہ خوشبو مثل عود کے جلتی ہو اور ایک زانو سے زمین پر بیٹہے +

فصل ۲ تعویذات لکہنے کے بیان مین۔ جو کوئی شخص تعویذ لکہے ان ساعات مین قلم بناوے
واسطے تعویذ زبان بندی اور خواب بندی کے ساعت عطارد مین اور محبت تیغ بندی کو
ساعت مریخ مین اور واسطے دشمنی اور جدائی کے ساعت زحل مین اور واسطے محبت کو ساعت
قمر یا مشتری مین اور ترقی رزق کے لیے ساعت زہرہ مین اوقات لکہنے تعویذات کے یہ ہین وقت صبح
تعویذ محبت اور ترقی رزق وقت نیم چاشت تعویذ بیماری وقت ظہر تعویذ عداوت درمیان ظہر و عصر
تعویذ زبان بندی وقت نماز عشا تعویذ خواب بندی یہ اوقات تعویذ لکہنے کے حضرت داؤد سبز پوش اور
ابوالقاسم غزالی رحمہما اللہ سے منقول ہین اور شرایط لکہنے تعویذات کے یہ ہین کہ جملہ تعویذات کو باطہارت
بدن اور باوضو لکہے اور لکہتے وقت اپنے بدن مین خوشبو لگاوے اور ہر تعویذ کے شروع سے پہلے ۸۶ کہ
عدد بسم اللہ کے ہین لکہے اور جب نقش لکہے تو اول یا حافظ یا حفیظ یا رقیب یا وکیل پڑہ کر
اپنے اوپر دم کر لے رجعت نہوگی اور درمیان مین کسی سے کلام نہ کرے اور وقت لکہنے کے سایہ
عورت ناپاک اور غیر محرم کا بہی نہ پڑے اگر تعویذ محبت کا لکہے تو عروج ماہ ہو اور اول قلم بنانے مین لکہنے تعویذ کے

داہنی ران پر رکہے اور کوئی چیز شیرین منہ مین رکہے اور شکر چراغ مین ڈالے اور مشک زعفران سے
پر کرے تو بہتر ہے اور خیال مطلوب کا دل مین رکہے کہ گویا سامنے موجود ہے اور منہ طرف خانہ مطلوب
کے کرے اور تعویذ محبت کا واسطے حرام کے ہرگز نہ لکہے معاذ اسکا ظہور مین نہ آئیگا **قاعدہ** اگر چاہے
کہ مرد عورت سے دوستی کرے نام عورت کا پہلا اور نام مرد کا پیچھے لکہے اور اگر چاہے کہ عورت مرد سے محبت کرے نام مرد کا
نام سے پہلے لکہے اور تعویذ واسطے رفع بیماری اور سحر کے خوش اور خرم لکہے اور اگر واسطے عداوت کے لکہے
اول کا عدد بائین ران پر رکہے پہر قلم ہاتہ مین لے اور کوئی چیز ترش تلخ منہ مین رکہے اور تیل مین تہوڑا
سرکہ ملا کر لکہے اور ہینگ جلاوے اگر آخر مہینے مین لکہے گا بہت جلد فائدہ حاصل ہوگا مگر تعویذ عداوت
جدائی عورت منکوحہ کے نہ لکہے ورنہ گنہگار ہوگا اور اگر تعویذ زبان بندی و تیغ بندی اور خواب
بندی کا لکہے تو تہوڑا موم منہ مین رکہے اور زبان کو دانتون مین دبا دے اور جب تعویذ تمام ہو زبان کہولکر
الحمد للہ کہے اور تعویذ زبان بندی شنگرف سے پر کرے اگر تعویذ خواب بندی و تیغ بندی وغیرہ کا لکہے پہل گرد منہ مین رکہے اور تعویذ سیاہی سے بہرے

فصل ۴ نقش بہرنے کے بیان مین مولائی اوستادی عالم ربانی مرتاض حقانی

حضرت مولوی محمد نذیر علی صاحب لکہنوی مدظلہ العالی نے فرمایا کہ قاعدہ پر کرنے نقش مثلث کا یہ ہے کہ جس نام یا آیت کا
نقش بہرنا چاہے اوسمین جتنے حروف لکہے جاتے ہین اونکے عدد نکال دو اور جو حرف پڑہا جاتا ہے مگر لکہا نہین جاتا
اوسکے عدد نہ لے جب عدد اسطرح نکال لے تب اوسمین سے بارہ گرا دے باقی کو تین حصہ کرکے ایک حصہ
پہلے خانہ مین لکہے جیسے حوا اسکے حرف مکتوبی تین ہین ح و ا اور ملفوظی چار ہین الف ح دو
ایک الف پس حروف مکتوبی کے عدد پندرہ ہین بارہ گرا دیے تین باقی رہے اسکے حصہ کیے ایک ایک
حصہ ہوا اوسی ایک کو پہلے خانہ مین لکہا پہر ایک ایک کو اوسپر زیادہ کرکے ہر خانہ مین لکہتا جاے اسی
طریقہ پر کہ پہلا عدد جہان لکہا اوسی شطرنج کے گہوڑے کی چال پر جو خانہ ہو وہان دوسرا لکہے اور تیسرا
عدد اوسی خانہ مین لکہے جو دوسرے گہوڑے کی چال پر ہوا اور چوتہا عدد اوسی خانہ مین لکہے جو تیسرے سے رخ کی چال پر
ہوا اور پانچوان اوسی خانہ مین لکہے جو چوتہے سے فرزین کی چال پر ہوا اور چہٹا اوسی خانہ مین لکہے جو پانچوین سے
پہر فرزین کی چال پر ہوا اور ساتوان اوسی خانہ مین لکہے جو چہٹے سے رخ کی چال پر ہوا اور آٹہوان اوسی خانہ مین لکہے
جو ساتوین سے گہوڑے کی چال پر ہوا اور نوان اوسی خانہ مین لکہے جو آٹہوین سے گہوڑے کی چال پر
ہو پس مثلث کے سب گہر پورے ہو گئے دیکہو مثلا مثلث مین جبتک عدد ۱۲ گہٹا کر اوسکے عدد نہین

۶ فرزین	۱	اسپ ۸
۷ رخ	۵ فرزین	اسپ ۳
۲ اسپ	۹ اسپ	۴ رخ

نقش مثلث

دو اسپ رخ دو فرزین باز رخ گیر + دو اسپ مثلث را است تصویر

ایک کتاب معتبر مین نقش مثلث آتشی بادی و آبی خاکی اور اونکی کسور وغیرہ کے بھرنیکا طریقہ یون لکھا ہی کہ آتشی کو پہلے خانہ سی شروع کرے اور کسر ا سعد کو خانہ ۷ سا اور ۲ کو ۹ مین آور بادی کو خانہ ۴ سی بھرے اور کسر ۳ ہین اور کسر ۱ ۔ ۷ مین آور آبی کو خانہ ۶ سی لکھے کسر ۱ ۴ مین آور کسر ۲ ۔ ۷ مین آور خاکی کا خانہ ۸ سی مبدء ہے اور کسر ۱ ۔ ۳ مین آور کسر ۲ ۔ ۷ مین بھرے مثلث پورا ہوگا +

آتشی

۶	عزرائیل ۱۵۰	۸
[illegible]	۵	۴
۲	۹	[illegible]

بادی

[illegible]	۳	۸
۹	۵	اسرافیل
۲	[illegible]	۶

آبی

۸	۳	[illegible]
میکائیل	۵	۹
۶	[illegible]	۲

خاکی

[illegible]	۹	۲
۳	۵	[illegible]
۸	جبرئیل ۲۴۶	۶

اور مولانای ممدوح نے فرمایا ہے کہ مربع بھرنیکا یہ طریقہ ہے کہ اوسی قاعدے سے اعداد نکالے لکے اونمین سے تیس ۳۰ گرا دے اور باقی کو چار پر تقسیم کرے اگر پوری تقسیم ہوجاوے تو ایک حصہ کو پہلے خانہ مین لکھے مثلاً کل عدد ۴۴ ہین کم کرنیکے بعد چار بچے چار کو چار پر تقسیم کیا پوری تقسیم ہوگئی ایک ایک حصہ ہوا ایک کو کسی خانہ مین لکھا بعد اوسکے دوسرا عدد اوسی خانہ مین لکھا جو پہلے سے گھوڑے کی چال پر ہو اور تیسرا اوس خانہ مین لکھا جو دوسرے سے فرزین کی چال ہو اور چوتھا اوس خانہ مین جو تیسرے سے اسپ کی چال ہو اور پانچوان اوس خانہ مین جو چوتھے سے رخ کی چال ہو اور چھٹا اوس خانہ مین جو پانچوین سے اسپ کی چال ہو اور ساتوان اوس خانہ مین جو چھٹے سے فرزین کی چال ہو اور آٹھوان اوس خانہ مین جو ساتوین سے اسپ کی چال ہو اور نوان عدد اوس خانہ مین جو آٹھوین سے فیل کی چال پر ہو مگر ایسے طریق پر کہ اعداد ون کی فیل کی چال سے نہو اور دسوان عدد اوس خانہ مین جو

ساتوین سے فیل کی چال ہو اور گیارہوان اوس خانہ مین جو چہٹے سے فیل کی چال ہو اور دوبارہوان وس خانہ مین جو پانچوین سے فیل کی چال ہو اور تیرہوان اوس خانہ مین جو چوتہے سے فیل کی چال ہو اور چودہوان اوس خانہ مین جو تیسری سے فیل کی چال ہو اور پندرہوان اوس خانہ مین جو دوسری فیل کی ہو اور سولہوان اوس خانہ مین جو پہلی سے فیل کی چال ہو بس سب خانہ نقش کی بہرجاوینگے اور اگر بعد تقسیم کے ایک عدد بچے جیسے مثلاً کل عدد پینتیس ۳۵ ہون تو تیس ۳۰ کم کرنیکے بعد پانچ بچے پانچ کو چار پر تقسیم کیا تو ایک ایک حصہ ہوا اور ایک بچا جب بہی ایک حصہ کسی خانہ مین لکہو اور لکہتا جاوے جب تیرہوین خانہ تک پہونچے تو اوسمین ایک عدد بڑہا دیوے اور اگر دو عدد بعد تقسیم کے بچے ہون تو نوین خانہ مین ایک عدد زیادہ کرکے لکہے اور اگر تین بچے ہون تو پانچوین خانہمین ایکعدد زیادہ کرکے لکہے نقش پورا بہر جائیگا مثال یہ ہے

پہلے مثال اوسکی جو بعد تقسیم کے کچہ نہ بچے ۳۴

۱	۱۴ پیل ۳ کا	۱۱ پیل ۶ کا	۸ اسپ
۱۲ پیل ۵ کا	۷ فرزین	۲ اسپ	۱۳ پیل ۴ کا
۶ اسپ	۹ پیل ۵ کا	۱۶ پیل ۱ کا	۳ فرزین
۱۵ پیل ۲ کا	۴ اسپ	۵ رخ	۱۰ پیل کا

مثال دوسری جو بعد تقسیم کے ایک عدد بچے ۳۵

۱	۱۵	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳ پانچوین زیادہ
۶	۹	۱۷	۳
۱۶	۴	۵	۱۰

مثال تیسری اوسکی جب بعد تقسیم کے دو بچین

۱	۵	۱۲	۸
۱۴	۷	۲	۱۲
۶	ایہ ۹ خانہ ہے	۱۷	۳
۱۶	۴	۵	۱۱

مثال چوتہی اوسکی کہ بعد تقسیم کے تین بچین

۱	۱۵	۱۲	۹
۱۳	۸	۲	۱۴
۷	۱۰	۱۷	۳
۱۶	۴	۶ یہ ۵ خانہ ہے	۱۱

شعر مربع اسپ فرزین است رخ باز اسپ فرزین اسپ گیر + پیل داری در مربع ہر طرف دوری پذیرا
اور مثلث مربع بہرنے کے اور بہی طریق ہین لیکن فقیر نے اسی پر اکتفا کیا کہ طول نہو جاوے

باب ۵ مین عملیات اور تعویذات ہر قسم کی اسمین بارہ فصلین ہین

فصل اول عملیات اور تعویذات قضای حاجاتین — جب کسیکو کوئی حاجت پیش آوے تو
یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ + +
عشاکی وقت ستر بار پڑہے اور بعد ہر ظالمین سے کے مطلب بیان کرے انشاء اللہ تعالے درمیان چالیس
روز کے مطلب حاصل ہوگا مجرب ہی حضرت شاہ اہل اللہ رحمۃ اللہ نے چار باب مین لکہا ہی
کہ جو عمل حصول ہر مطلب مین جلالی ہو یا جمالی بیچ حکم کبریت احمر کے ہے اوسکو اسم اعظم شمار کیا ہی
وہ آیہ لا الٰہ سے مِنَ الظّٰلِمِیْنَ تک ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ دعا ذو النون
کی ہے کہ مچھلی کے پیٹ مین فرمائی جو مسلمان جس مطلب کیواسطے اس آیت سے دعا کریگا
قبول ہوگی اور حق یہ ہے کہ یہ دعا نہایت مجرب اور کمال سریع الاثر ہے جس امر مین چاہے
اس آیت سی دعا کرے اور لکہا ہے کہ حضرت امام جعفر صادق رضہ نے فرمایا ہے کہ جو کوئی
اس آیت کی وسیلہ سی جو سوال کرے پاوے اور جو دعا کرے قبول ہو مجکو تعجب آتا ہی اوس شخص سے
کہ بواسطے اسکے دعا کرے اور قبول نہو اور مشائخ رحمہم اللہ کا اسکی سرعت تاثیر اور عدم تخلف پر اجماع
ہی اور طریقے اسکے ختم کے بہت ہین اور آسان تر دو طریقے ہین ایک یہ ہی کہ بارہ دن تک بہ نیت
حصول مطلب بارہ ہزار بار ہر روز اول و آخر چند مرتبہ درود شریف پڑہے اور دوسرا طریقہ یہ ہی کہ ایک لاکہ پچیس ہزار بار
پڑہے اور اس طریقہ کو چالیس دن تک کرے خلاصہ یہ ہی کہ اسکی قوت تاثیر مین کچہ شک نہین اسواسطے کہ ایسا کوئی عمل نہین
کہ جسکی صحت قرآن و حدیث اور اقوال مشائخ سی برابر ثابت ہوا **ایضاً** حضرت مشائخ رحمہم سے منقول ہی کہ یَا بَدِیْعَ
الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ بارہ سو مرتبہ بارہ روز تک بشرط طاہر بیٹھکر برجوع قلب پڑہے اور اوسی جگہ
سووے اور قبل پڑہنے کے ہر روز نہاوے اور گوشت وغیرہ سی پرہیز کرے حصول مدعا اور بر آمد حاجات کیلیے
مجرب ہی **ایضاً** جو کوئی شخص واسطے حصول ہر مطلب کے کثرت درود شریف کی کریگا جو کچہ مطلب ہوگا انشاء اللہ
تعالی ضرور بر آویگا ۔ ہر مرض کی دوا درود شریف + دافع ہر بلا درود شریف + یہ عمل نہایت مجرب ہی ہزار بار
ہرگز نکار نہ ہوا ہی **ایضاً** ختم صلواۃ تنجینا عروج ماہ مین شب جمعہ کو شروع کرے اور جب تک یہ ختم ہو اور
روزہ رکہے اور شام کو شیر برنج سی روزہ افطار کرے اور غسل کرکے کپڑا پاک مثل چادر وغیرہ کی اوڑہے اور زیر آسمان لگکے

اکیہزار مرتبہ پڑہے انشاء اللہ تعالی تین شب مین مطلب حاصل ہوگا یہ واسطے برآمد ہر مطلب کے بہت مجرب ہی وہ درود یہ ہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ ایضاً واسطے برآمد مہم حاجات کے سوا لاکہہ مرتبہ ایک مجلس مین ایک آدمی یا کئی لیکن آدمی لعدد طاق ہون آیہ کریمہ اَمَّنْ یُّجِیْبُ آخر تک پڑہین جو مشکل پیش آئیگی بہت جلد آسان ہوگی مجرب ہی ایضاً ترکیب ختم خواجگان حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند اور خواجہ بایزید بسطامی اور خواجہ ابوالحسن خرقانی اور خواجہ عبدالخالق غجدوانی اور خواجہ احمد وسوانی اور خواجہ ابوالمنصور اور خواجہ ہمدانی اور خواجہ بابا سماسی خواجہ محمد نقشبند اور خواجہ عبداللہ احرار نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس ختم شریف کو تین روز تک پڑہے گا خدا تعالی اکہزار ایک حاجت اوسکی روا فرمائیگا ترکیب ختم کی یہ ہے کہ اول قدرے شیرینی لیکر الحمد ایکبار اور قل ہو اللہ تین بار پڑہ کر ثواب اسکا خواجگان ممدوح کو بخشے پہر الحمد سات بار اور درود شریف سو مرتبہ اور الم نشرح ستر بار یا اوناسی مرتبہ پہر قل ہو اللہ اکہزار اور ایک بار پہر الحمد سات بار پہر درود سو بار ہر سورہ کو سوائی درود کی مع تسمیہ پڑہے اور لوبان وغیرہ جلاوے بعدہٗ ان اسماء سے ہر ایک اسم کو ایکسو پڑہے یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ یَا کَافِیَ الْمُھِمَّاتِ یَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ یَا شَافِیَ الْاَمْرَاضِ یَا حَلَّ الْمُشْکِلَاتِ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اٰمِیْنَ اس ختم شریف کو جسوقت چاہے پڑہے مگر بہتر یہ ہے کہ دوشنبہ و یا پنجشنبہ یا جمعہ کے دن شروع کرے اور اکثر مشائخ رح نے بعد نماز عصر کے فقیر مولف کو پڑہنے کی اجازت دی ہی یہ ختم نہایت مجرب ہے اور برآمد مطلب کیواسطے بارہا آزمایا ہے اور فقیر مولف نے جب اسکا ورد کیا خدا تعالی نے مشکل آسان کی ایضاً جو شخص جس مطلب کیواسطے اس ختم سورۂ یس کو پڑہیگا خداوند کریم اوسکی حاجت برلائیگا اور طریقہ اوسکا یہ ہی کہ ایک جلسہ مین ایک یا تین یا پانچ یا سات آدمی باہم ملکر سورۂ یس بہتر بار بخلوص نیت مسجد مین بیٹھ کر پڑہین اور قبل شروع سورۂ موصوفہ کی سو مرتبہ

درود شریف پڑہی جاوی یہ عمل اکثر مشائخین سے منقول ہے اور نہایت مجرب ہے اور اہل حاجت کا از مودہ ہے
ایضاً جب کوئی مشکل نہایت سخت ودشوار پیش آوی رباعی حضرت شیخ ابوالخیر ابو سعید
رحمتہ اللہ علیہ کو اس طریق سے پڑہے کہ اول وضو کرے اور پہر رو بقبلہ ہو کر بیٹہے اور
شیرنی لیکر فاتحہ حضرت ممدوح کی کرے پہر درود شریف کو بعدہ علاق پڑہکر رباعی کو
ستر بار پڑہے اور اپنے مطلب کا دہیان رکہے اور ہر مرتبہ بعد رباعی کے ایکبار بحق
شیخ ابوالخیر ابو سعید کہے حسب موافق تعداد مذکورہ کے رباعی پڑہ چکے پہر درود شریف
یہ رباعی اثر یا قاضی الحاجات کا رکہتی ہے وہ رباعی یہ ہے + یارب بہ محمد و علی و زہرا
یارب بہ حسن حسین و ہم آل عبا + کز لطف برآر حاجتم ہر دو سرا + بے منت خلق
یا علی الاعلی + ایضاً یہ نقش تمام اعداد قرآن مجید کا ہے ایک بزرگ نے مولف سے فرمایا
ہے کہ یہ نقش واسطے برآمد جمیع مطالب کے مفید ہے اوسکی زکات کے بہت
طریقے ہین لیکن سہل طریقہ یہ ہے کہ اس نقش متبرک کو ہر روز پانچ چلہ تک تین سو اکیاون
حسب اعداد لفظ قرآن کے لکہہ کر آٹے مین گولی بنا کر دریا مین ڈالا کرے انشاء اللہ
تعالی بعد ختم چلہ کے یہ نقش عمل مین آوے گا خوشا نصیب اوسکے جسکے عمل مین
یہ نقش آوے پہر کسی امر کی اوسکو ضرورت نہ رہے کہ ہر ایک نقش ایک اسم کا ہوتا ہے
پس کیسا عمدہ ہوتا ہے اور کیا کیا مطلب برآری ہوتی ہے برخلاف اسکے کہ یہ اکثر
اسما کا نقش ہے پس کیونکر کوئی اس سے محروم رہے گا جب کوئی مہم یا
کسی طرح کی حاجت پیش آوے
اس نقش کو دو ہزار و پچاس
موافق اعداد اللہ کافی المہمات
و قاضی الحاجات کے لکہکر آٹے مین
گولی بناوے اور دریا مین ڈالے
مجرب ہے اور وہ نقش
یہ ہے . . . .

نقش اعداد حروف قرآن مجید ۵۷ ہ

[illegible]	[illegible]	[illegible]	۱ [illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	۱۲ [illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	۶ [illegible]
۱۰ [illegible]	[illegible]	[illegible]	۱۵ [illegible]

ایضاً ترکیب نقش سورۂ اخلاص کی یہ ہے کہ جمعرات کے دن عروج ماہ تاریخ طاق مین دن
رکہی اور پہر رات رہی غسل کرے اور شیرینی پر فاتحہ سوکلون کی دسے اور عود واسطے خوشبو کے
جلاوی اور اول و آخر

کٹ یاع ص س م ع س ق

درود شریف چودہ چودہ

بحق یا جبرئیل بسم اللہ الرحمن الرحیم بحق یا میکائیل

بار اور سورۂ اخلاص چارسو بار پڑہ کر اس نقش کو لکہی انشاء اللہ تعالی جس مطلب کیواسطے لکہیگا حاجت بر آویگی +—

یلد	لم	الصمد	الله	احد	الله	هو	قل
ولم	یلد	لم	الصمد	الله	احد	الله	هو
یولد	ولم	یلد	لم	الصمد	الله	احد	الله
ولم	یولد	ولم	یلد	لم	الصمد	الله	احد
یکن	ولم	یولد	ولم	یلد	لم	الصمد	الله
له	یکن	ولم	یولد	ولم	یلد	لم	الصمد
کفوا	له	یکن	ولم	یولد	ولم	یلد	لم
احد	کفوا	له	یکن	ولم	یولد	ولم	یلد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بحق یا عزرائیل بسم اللہ الرحمن الرحیم بحق یا اسرافیل

ایضاً جب کسیکو کوئی حاجت درپیش ہو اسکو پڑہی خواص وسکی بہت ہین لاکن چند خاصتین
لکہتا ہون اول یہ ہی کہ جو مہم پیش آوی چالیس بار ہر روز بلا ناغہ چالیس روز تک پڑہی دوسری
یہ ہی کہ واسطے بلا کی ظالم کی اکیس بار اکیس روز تک پڑہی اور تیسری یہ ہی کہ بجہت دفع غم اونتیس روز تک
اونتیس بار پڑہی چوتہی واسطے حصول غنا کی ہر روز دس بار پڑہا کری اور پانچوین بجہت دفع تپ لرزہ کی
چینی کی رکابی پر لکہکر بیمار کو پلا دسے اور چہٹی بجہت سلامتی عیال و اطفال و مال وغیرہ کی ہر روز پانچ
مرتبہ پڑہے اور واسطے دفع ہر بیماری اور نظر بد اور سحر کے نقش اس آیہ کریمہ کا لکہکر گلیمین ڈالے

ایضاً نقش سورہ فاتحہ کا واسطے جمیع حاجاتکی اکتالیس روز تک ۴۴ نقش ہر روز لکہکر آٹی مین گولی بناکر دریا مین ڈالی مدعا حاصل ہوگا اور واسطے شفای امراض کاغذ یا چینی کی کابی پر لکہکر مریض کو پلاوی مریض شفا پاوی

۴۸۶

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

۴۸۶

۸	۲۶۷۴	۲۶۷۸	۱
۲۶۷۷	۲	۷	۲۶۷۵
۳	۲۶۸۰	۲۶۷۲	۶
۲۶۷۳	۵	۴	۲۶۷۹

فصل ۲ عملیات اور تعویذات وسعت رزق کے بیان مین - جو کوئی شخص واسطے وسعت رزق اور طلب جاہ و عزت کے اس آیہ کو ایکہزار ایک بار توجہ دل سے پڑہے رزق اوسکا غیب سے وسیع ہو آیہ کریمہ یہ ہے اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ الیضاً جو کوئی شخص وقت چاشت کے چار رکعتین بہ نیت چاشت پڑہے پہلے رکعت مین بعد الحمد کے سورۂ والشمس پڑہے دوسری رکعت مین سورۂ واللیل تیسری رکعت مین سورہ والضحیٰ چوتھی رکعت مین سورۂ الم نشرح پہر سلام پہیرے اور گیارہ بارہ درود شریف پڑہے بعدہ سورۂ اذا جاء نصر اللّٰہ اور بعد اوسکے پانچسو مرتبہ یا باسط پڑہے پہر سجدہ کرے اور ہاتہ مثل دعا مانگنے کے پہیلاوے اور یہ دعا پندرہ بار کہے یَا بَاسِطُ اللّٰهُ الَّذِيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ اور سر سجدہ سے اوٹہا کر گیارہ بار درود شریف پڑہے اس عمل کو چالیس روز تک برابر کرے اور اسکو روز پنجشنبہ عروج ماہ مین شروع کرے مجرب ہے الیضاً خواجہ بہاؤ الدین قدس سرہ سے منقول ہے کہ جو کوئی سورۂ الم ترکیف کو بعد نماز ظہر کے اکیس مرتبہ پڑہے گا رزق غیب سے پائیگا الیضاً واسطے فتوحات کے چاہیے کہ ماہ صفر کے آخری چارشنبہ کے دن شروع کرے اور بعد ہر مہینے کے چارشنبہ کے دن دریا یا حوض مین غسل کرکے پہر پانی مین کہڑے ہوکے تراسی بار یا باسط پڑہے یہ سہل طریق ہے اور بزرگان طریقت سے اور بہی طریقے منقول ہین اس سالہ مین بسبب طوالت کے نہین لکہے الیضاً واسطے ترقی رزق اور جمعیت ظاہری و باطنی کے عروج ماہ جمعرات کے دن روزہ رکہے اور بعد نماز فجر کے غسل کرے اور دو رکعت بہ نیت صلوٰۃ الحاجۃ پڑہے اور ہر رکعت مین بعد الحمد کے آیۃ الکرسی ایکبار اور سورۂ اذا جاء پچیس بار پڑہ کر سلام پہیرے اور بعد سلام کے درود شریف تین سو مرتبہ اور سو مرتبہ کلمہ تمجید پڑہے اور پہر ایک بیٹہک سے چوالیس ہزار بار اسم یَا وَهَّابُ پڑہے روزہ شیر برنج سے افطار کرے علی ہذا القیاس چوالیس جمعرات تک یہ عمل کرے اور بعد ختم عمل کے ہر روز بعد نماز عشاء کے ایکہزار چار سو بار پڑہا کرے اور ہر روز بوقت پڑہنے کے ایک تہمت باندہے اور اوس تہمت کو دوسرے کام مین نہ لاوے الیضاً اسم یَا مُغْنِيُّ ایکہزار اور ایک سو بار بعد ہر نماز کے اور اکتالیس بار سورۂ مزمل پڑہے اور ممکن نہو سورہ مذکور

تو جو کوئی گیارہ بار پڑہے غنی ہو جاوے اور پہر کبہی محتاج نہو نہایت مجرب ہے ایضاً
جو کوئی سورۃ واقعہ کو ہر شب ایکبار پڑہے ہرگز رنج فاقہ کشی نہ اوٹہاوے چند روز مین غنی
ہو جاوے ایضاً واسطے کشائش رزق اور دفع محتاجگی کی اس نقش کو نگینہ پر کہدوا کر
اپنے پاس رکہے مجرب ہے ال ۷ انت البصرۃ ||| ||| ۲۶ ایضاً ترکیب ختم بسملہ کی یہ ہے
کہ اول شرف آفتاب مین ہر دو نقش بسملہ کو باطہارت لکہے اور پہر روز سات سو چہیاسی بار کہ
عدد بسم اللہ کے ہین بسم اللہ کو سات دن تک پڑہے جو مشکل ہوگی آسان ہوگی اور پہر روز مرہ
بعد اتمام ورد کے اکیسو تیس بار پڑہا کرے مستجاب الدعوات اور متوسع رزق ہوگا اور کوئی
شخص اوسپر غالب نہوگا اور کشائش رزق ہر روز زیادہ ہوگی اور اوس مربع کو ہمیشہ باطہارت
اپنے پاس رکہے اور اکثر خوشبو سے معطر رکہے اس نقش کے صدہا فائدے ہین
اس مختصر رسالہ مین بسبب طول کے نہین لکہے کسی شاعر نے خوب کہا ہے فرد
خوش بگو اے یار بسم اللہ را + ہرچہ میخواہی ز بسم اللہ جوی + چاہیے کہ دو مربع لکہے ایک مظہر
اور دوسرا مضمر مربع مظہر پشت مضمر پہ لکہے صورت مربع مظہر یہ ہے

صورت مربع مضمر یہ ہے ۷۸۶ ۷۸۶

بسم	الله	الرحمن	الرحیم		۱۸۹	۲۰۲	۱۹۹	۱۹۶
الرحیم	الرحمن	الله	بسم		۲۰۰	۱۹۵	۱۹۰	۲۰۱
الله	بسم	الرحیم	الرحمن		۱۹۴	۱۹۷	۲۰۴	۱۹۱
الرحمن	الرحیم	بسم	الله		۲۰۳	۱۹۲	۱۹۳	۱۹۸

ایضاً جان تو کہ تمام قرآن مجید مین ایک سو تیرہ ۱۱۳ بسملہ ہین اور جملہ حروف اونکے دو ہزار
ایکسو سنتالیس ہین اور کل عدد اونکے اٹہاسی ہزار آٹہ سو اٹہارہ ہین نقش اوسکا لکہکر
اپنے پاس رکہے ترقی رزق ہووے اور بیمار کے باندہے شفا پاوے اور اگر صدق دل سے
ہر روز صبح کو دیکہے گا عزیز خلایق ہوگا اور بہت فائدے اسکی نسبت ہین کہ اس مختصر مین سبکی گنجایش نہین وہ نقش

یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲ ۲۰۴	۲۲ ۲۰۷	۲۲ ۲۱۰	۲۲ ۱۹۷
۲۲ ۲۰۹	۲۲ ۱۹۸	۲۲ ۲۰۳	۲۲ ۲۰۸
۲۲ ۱۱۹	۲۲ ۲۱۲	۲۲ ۲۰۵	۲۲ ۲۰۲
۲۲ ۲۰۶	۲۲ ۲۰۱	۲۲ ۲۰۰	۲۲ ۲۱۱

ایضاً وسعت رزق کی لیے اس نقش کو لکھکر دیوار پر لگادی وہ یہ ہے

۷۸۶

۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴
۵	۱۰	۱۵	۴
۱۶	۳	۶	۹

ایضاً جس شخص کی دکان پر کم بکتا ہو اس نقش کو لکھہ کر دکان کی دروازے پر لگا دی خریدار غیب سے آوے نقش معظم یہ ہے

۷۸۶

۷	۳	ع	۲	ھ	۶	۱
ع	۳	۲	ع	ھ	۶	ھ
۲	۶	۲	۶	۲	ع	ع
۲	ع	۶	ع	ھ	۲	ھ
۱	۳	۷	ھ	۳	۲	۷
۷	۳	۳	۲	۲	ھ	۳
ھ	ع	۳	ھ	ک	۲	ھ

ایضاً جو کوئی شخص اس تعویذ کو لکھکر اپنے پاس رکھی رزاق مطلق رازق برحق اوسکو غیب سے روزی عنایت کری اور ترقی روز بروز ہوی وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

۷۶	۸۰	۸۳	۶۹
۸۲	۷۰	۷۵	۸۱
۷۱	۸۵	۷۸	۷۴
۷۹	۷۳	۷۲	۸۴

ایضاً طریقہ زکات اسماء حسنی کی بہت ہین لیکن سہل طریقہ یہ ہے کہ تمام اسمای شریف ۹۹ کو ہر روز تا ننانوے روز تک بخلوص نیت پڑھے اور ہر اسم شریف مین لفظ یا کو ملائے اور گوشت وغیرہ سے پرہیز کرے زکات تمام ہوگی اور یہ طریقہ واسطے کشائش رزق کی مفید ہی۔ جو کوئی اس نقش نود و نہ نام باری تعالی کو لکھکر اپنے پاس رکھیگا رزق غیب سے ملیگا غیر خالق ہوگا وہ یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳۹۰	۲۳۹۳	۲۳۹۶	۲۳۸۳
۲۳۹۵	۲۳۸۴	۲۳۸۹	۲۳۹۴
